دی گئی عبارت میں سے اسمائے صفت مشبہ کا تعین۔

فصیحا	کریما	هماما	ورعا	ادیبا	فطنا	سلیم	جریئا	بلیغا	قویا

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر ۲)

عَيِّنْ فِيْمَا يَاْتِي كُلُّ صِفَةٍ مُشَبَّهَةٍ:

آنے والی عبارت سے صفت مشبہ کے اسماء کو الگ الگ کریں۔

(۱) مِصْرُ تُرْبَةٌ غَبْرَآءُ، وَشَجَرَةٌ خَضْرَآءُ، طُوْلُهَا شَهْرٌ، وَعَرْضُهَا عَشْرٌ، يَكْنُفُهَا جَبَلٌ اَغْبَرُ، وَرَمْلٌ اَغْفَرُ، يَخُطُّ وَسَطَهَا نَهْرٌ مَيْمُوْنُ الْغُدُوَاتِ مُبَارَكُ الرَّوْحَاتِ.

(۲) نَظَرَ فَيْلَسُوْفٌ إِلٰى رَجُلٍ حَسَنِ الْوَجْهِ خَبِيْثِ النَّفْسِ فَقَالَ "بَيْتٌ حَسَنٌ وَفِيْهِ سَاكِنٌ نَذْلٌ" وَرَاٰى آخَرُ شَاباً بَهِيَّ الطَّلْعَةِ سَيِّئَ الْخُلُقِ، قَالَ: "سَلَبَتْ مَحَاسِنُ وَجْهِكَ فَضَائِلَ نَفْسِكَ".

Scanned with CamScanner

(۳) اَلطَّاوُسُ: طَائِرٌ بَدِيْعُ الشَّكْلِ جَمِيْلُ الصُّوْرَةِ، يُرَبِّيْهِ النَّاسُ لِلزِّيْنَةِ وَالتَّمَتُّعِ بِمَرْآه لاَ لِلذَّبْحِ وَالْغِذَاءُ فَإِنَّ لَحْمَهُ جَافٌ صُلْبٌ عَسِرُ الْهَضْمِ، وَرِيْشُهُ ذُو اَلْوَانٍ زَاهِيَةٍ تَعْجِبُ النُّظَّارَ، وَتَخْطَفُ الْاَبْصَارَ، مَا بَيْنَ اَحْمَرَ وَرَدِيٍّ وَاَخْضَرَ زَبَرْجَدِيٍّ، وَاَصْفَرَ عَسْجَدِيٍّ، وَلَهُ جَنَاحَانِ قَصِيْرَانِ لاَ يُسَاعِدُ اَنَّهُ عَلَى الطَّيَرَانِ إِلاَّ قَلِيْلاً، وَذَيْلُهُ طَوِيْلٌ جِداً وَيَتَأَلَّفُ مِنْ رِيْشَاتٍ جَمِيْلاَتٍ تَتَزَاحَمُ عَلَيْهَا الْاَلْوَانُ .

(۴) اَلْحُرُّ حُرٌّ وَإِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ .

(۵) لاَ تَكُنْ رَطْباً فَتُعْصَرُ، وَلاَ صُلْباً فَتُكْسَرُ .

(۶) اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، وَالشَّقِيُّ مَنْ وُعِظَ بِنَفْسِهِ .

(۷) قَلْبُ الْاَحْمَقِ فِي فِيْهِ، وَلِسَانُ الْعَاقِلِ فِي قَلْبِهِ .

(۸) اَلْفَقْرُ يَخْرِسُ الْفِطْنَ عَنْ حُجَّتِهِ .

حل:

دی گئی مفصل عبارات سے صفت مشبہ کا انتخاب۔

(۱) غبراء، خضراء، اغبر، اعفر

(۲) حسن، خبیث، نَذْلٌ، بهی، سیء

(۳) بدیع، جمیل النُّظار، ردیٌ، اَحْمَرَ، اخضر، اصفر، قصیران، قلیلا طویل، جمیلات .

(۴) الحُرُّ، الضرُّ (۵) اطبا، صلبا (۶) السعید، الشقی

(۷) اَلْاَحْمَق (۸) الفطن

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

مَيِّزِ الصِّفَاتِ الْمُشَبَّهَةَ مِنْ اَسْمَاءِ الْفَاعِلِيْنَ فِيْمَا يَاتِي :

آنے والی عبارت سے اسماء فاعلین سے صفت مشبہ کو الگ الگ کریں۔

Scanned with CamScanner

يقال فی مدح الكلام : هذا كلام بين المنهج،سَهْلَ المخرج،مطرد السياق، معناهُ ظاهر فی لفظه،واوله دال علی آخره،بمثله تستمال القلوب النافرة،وترد الْاَهواء الشاردة،وبمثله يسهل العسير،ويقرّب البعيد ، ويذلل الصعب ، ويدرک المنيع .

حل:

دی گئی عبارت سے صفت مشبہ کا انتخاب:

العسير	البعيد	الصعب	المنيع	سهل

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر ۴)

هَاتِ الصِّفَةَ الْمُشَبَّهَةَ مِنْ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ، وَضَعْهَا فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ:

آنے والے افعال سے ہر فعل کی صفت مشبہ کو لائیں اور اس کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

دَقَّ	سَخَا	مَاتَ	قَوِيَ	جَلُدَ
صعبِ	سهُل	رشُق	لانَ	ساد
ظَمِئَ	غَلُظَ	وَلِهَ	صَدِيَ	ضَاقَ

حل:

دیے گئے افعال سے صفت مشبہ کا جملوں میں استعمال

(۱) هٰذَا الشَّيْءُ دَقِيْقٌ (۲) اَيْنَ سَخِيٌّ

(۳) اَاَنْتَ رَجُلٌ قَوِيٌّ (۴) رَاَيْتُ حَامِدًا رَجُلاً جَلِيْدًا

(۵) مَا هٰذَا صَعْبٌ عَلَيْكَ (۶) كَانَ السُّوَالُ سَهْلاً

(۷) غُلاَمُ زَيْدٍ رَشِيْقٌ (۸) هٰذَا الورق لَيِّنٌ

(۹) زَيْدٌ سَائِدُ الْقَوْمِ - (۱۰) هٰذَا الشَّابُّ ظَمِئٌ

(۱۱) هُوَ الطِّفْلُ غَلِيْظٌ (۱۲) هٰذَا الصَّبِيُّ وَالِهٌ اِلٰى اُمِّهٖ

Scanned with CamScanner

(۱۳) زَيْدٌ وَلَدٌ ضَادٍ (۱۴) هٰذَا الطَّرِيْقُ ضَيِّقٌ

(۱۵) قَدْ دُفِنَ مَيِّتٌ

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

ضَعْ كُلَّ صِفَةٍ مِنَ الصِّفَاتِ الْمُشَبَّهَةِ الْآتِيَةِ فِيْ جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ ، وَهَاتِ فِعْلَيْهَا الْمَاضِيَ وَالْمُضَارِعَ :

آنے والی صفات مشبہ میں سے ہر ایک صفت کو مفید جملوں میں استعمال کریں اور فعل ماضی اور مضارع لائیں۔

نظيف	شديد	أشقر	عذب	ملآن
نشيط	حلو	ضعيف	عريض	أحول

حل:

دیئے گئے صفت مشبہ کے کلمات کا جملوں میں استعمال۔

(۱) هٰذَا الْبَيْتُ نَظِيْفٌ (۲) قَدْ اَصَابَنِيْ دَرْدٌ شَدِيْدٌ فِيْ رَأْسِيْ

(۳) مَنْ هُوَ اَشْقَرُ مِنْكُمْ (۴) هٰذَا عَذْبٌ

(۵) هٰذَا ظَرْفٌ مَلْآنٌ (۶) اَ اَنْتَ وَلَدٌ نَشِيْطٌ

(۷) هَلْ وَالِدُكَ ضَعِيْفٌ (۸) هَلْ هُوَ عَرِيْضٌ

(۹) يَا زَيْدُ اَهُوَ الرَّجُلُ اَحْوَلُ (۱۰) هٰذَا حُلْوٌ

دی گئی صفت مشبہ سے افعال ماضی و مضارع:

نَظُفَ يَنْظُفُ	شَدَّ يَشُدُّ	سَقَرَ يَسْقُرُ	عَذُبَ يَعْذُبُ	نَشَطَ يَنْشَطُ
حَلٰى يَحْلُوْ	ضَعُفَ يَضْعُفُ	عَرض يعرض	حَوِلَ يَحْوَلُ	

اَلتَّمْرِيْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

ضَعْ مُؤَنَّثَ كُلِّ صِفَةٍ مِنَ الصِّفَاتِ الْمُشَبَّهَةِ الْآتِيَةِ فِيْ جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ :

Scanned with CamScanner

آنے والی صفات مشبہ میں سے ہر ایک کا مؤنث لاکر جملوں میں استعمال کریں۔

لَیِّنٌ	ذَرِبٌ	أَلکَن	صدیان	أَبْکَمُ
اَعْشَی	أُهْیَف	طَرِبٌ	أَبلَج	رَیَّان
أَصْفر	ظمآن	أسمر	ضَجِر	اَعْمٰی

حل:

دیئے گئے کلمات صفت مشبہ مونث کا جملوں میں استعمال۔

۱	زَیْنَبُ اِمْرَاَةٌ لَسْنَاءُ	۲	هٰذِهٖ مِجْرَقَةٌ ذَرِبَةٌ
۳	هٰذِهِ الطِّفْلَةُ لَکْنَاءُ	۴	هٰذِهِ النَّاقَةُ صَادِیَةٌ
۵	هٰذِهٖ اِمْرَاَةٌ بُکْمَاءُ	۶	اَیْنَ غَابَتْ بَقَرَةٌ عَاشِیَةٌ
۷	هٰذِهٖ اِمْرَاَةٌ هَیْفَاءُ	۸	هٰذِهِ الطِّفْلَةُ طَرِبَةٌ عَلٰی صَوْتِ الْمُغَنِّی
۹	اَیْنَ تِلْکَ الْبَلْجَاءُ	۱۰	هٰذِهِ الْغُصُوْنُ رَیَّاءُ
۱۱	رَاَیْتَ النَّاقَةَ صَفْرَاءَ	۱۲	رَاَیْتَ بَقَرَةً ظَمِئَةً
۱۳	اَیْنَ الشَّاةُ سَمْرَآءُ	۱۴	لِمَ اَنْتَ ضَجِرَةٌ
۱۵	اُمُّ خَالِدٍ عُمْیَاءُ		

اَلتَّمْرِیْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

ضَعْ مُذَکَّرَ کُلِّ صِفَةٍ مِنَ الصِّفَاتِ الْمُشَبَّهَةِ الْآتِیَةِ فِی جُمْلَةٍ مُفِیْدَةٍ :

آنے والی صفات مشبہ میں سے ہر صفت کا مذکر لاکر مفید جملوں میں استعمال کریں۔

حَذْبَاء	شَبْعَی	یَقِظَة	ذکیة	سوداء
غَضْبَی	نَزْقَة	مَلآی	فَکِهَة	بَطِرَة
شَکِسَة	شَرِسة	شَهْبَاء	عَرْجاء	خَرْسَاء

Scanned with CamScanner

حل:

دیئے گئے کلمات کی صفت مشبہ مذکر کا جملوں میں استعمال:

رَأَیْتُ رَجُلاً اَحْدَبَ	هٰذَا الرَّجُلُ شَبْعَانُ
زَیْدٌ یَقْظَانُ	اِبْنُکَ ذَکِیٌّ
لَوْنُ ثَوْبِکَ اَسْوَدُ	غُلَامُ زَیْدٍ غَضْبَانُ
اِبْنُ الْفَقِیْرِ وَلَدٌ نَزِقٌ	کَیْفَ وَجَدْتَ رَجُلاً مَلآنَ
اِذَا رَاَیْتَ فَیْکَهَانًا فَتَعَجَّبْتُ مِنْهُ	ذَهَبْتُ اِلٰی رَجُلٍ بَطِیْرٍ
لَا اُحِبُّ رَجُلاً شَکِسًا	لَا تَجْلِسْ عِنْدَ رَجُلٍ شَرِیْسٍ
هٰذَا عَامٌ اَشْیَبُ	لَا تَضْرِبْ اَعْرَجَ
هٰذَا الْوَلَدُ اَخْرَسُ	

اَلتَّمْرِیْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

مَیِّزِ الصِّفَةَ الْمُشَبَّهَةَ مِنْ اِسْمِ الْفَاعِلِ فِی التَّرَاکِیْبِ الْآتِیَةِ :

آنے والے کلمات مرکبہ میں اسم فاعل سے صفت مشبہ کو الگ کریں۔

عظیم الشأن	جَزْلُ المعانی	سماء مُصْحیة	عفیف النفس
لَیِّنُ الْجانِبِ	سَلِسُ الطباع	فاقد الحس	سَهْلُ الْاَخْلَاقِ
آثارٌ رَائِعَةٌ	قَوِیُّ الحجة	ضخم الجثة	منظر بهیج
ذَکِیُّ الْفُؤَادِ	ماءٌ عذبٌ	تحفة ثمینة	متوقد الذهن
دواء شاف	شمس مشرقة	لطیف المَحْضَر	صادق الوعد

حل:

دیئے گئے کلمات مرکبہ سے صفت مشبہ کا انتخاب:

Scanned with CamScanner

عظیم	لیّن	جزل	سلس
فاقد	سَهْل	رائِعَة	قویّ
ضخم	بهیج	ذکی	عذب
ثمینة	شاف	لطیف	صادق

اَلتَّمْرِیْنُ ۹ (مشق نمبر ۹)

بَیِّنْ عَمَلَ الصِّفَةِ الْمُشَبَّهَةِ فِی الْعِبَارَاتِ الْآتِیَةِ ، وَبَیِّنْ مَوْقِعَ الْمَعْمُوْلِ مِنَ الْإِعْرَابِ :

آنے والی عبارت سے صفت مشبہ کے عمل کو بیان کریں اور اعراب کے لحاظ سے معمول کا موقع محل بتائیں۔

(۱) النیل عذب ماءُ هٗ ، کثیرٌ فیضانُهٗ .

(۲) التمساح یَألَف المواطن الشدیدة حرارتها ، وهو سریع العدو قوی الأظفار والأسنان .

(۳) الخفاش حیوان عجیب خلقاً ، طویل عمراً ، یطیر بغیر ریش ، وَلا یبصر فی النهار .

(۴) أحب کریم الطباع ، أمّا السیئُ اخلاقاً فإنّی أکرهه .

(۵) اَلْفَکِه الْمَحْضَر محبوب العِشرة .

(۶) مصر لَطیف جوّها ، کریم اَهْلُها .

(۷) لا تدوم صداقة النزق طباعاً .

(۸) اَلْکَدِرُ طبعة هو الذمیم عِشرَةً .

حل:

دیئے گئے جملوں سے صفت مشبہ کا انتخاب اور موقع اعراب کا بیان۔

Scanned with CamScanner

عذب،فیضان	مرفوع بوجہ خبر	الشدیدة	منصوب ہے، مفعول ہونے کی بناء پر
سریع،قوی	مرفوع ہیں خبر ہونے کی بناء پر	عجیب،طویل	مرفوع ہیں بوجہ خبر
کریم	منصوب ہے بوجہ مفعول	السی	مرفوع ہے وجہ مبتداء
لطیف	مرفوع ہے خبر ہونے کی وجہ سے	النزق	مجرور بوجہ اضافت
الکدر	مرفوع بوجہ مبتداء	الزخیم	مرفوع ہے خبر ہونے کی بناء پر

اَلتَّمْرِيْنُ ۱۰ (مشق نمبر ۱۰)

بَيِّنِ الْاَوْجِهَ الْجَائِزَةَ فِي إِعْرَابِ مَعْمُوْلِ كُلِّ صِفَةٍ مُشَبَّهَةٍ فِي الْاَمْثِلَةِ الْآتِيَةِ:

آنے والی مثالوں میں موجود صفت مشبہ کے معمول میں اعراب کے جائز ہونے کی وجوہ کو بیان کریں۔

(۱) هٰذَا هُوَ الرَّجُلُ الْكَرِيْمُ نَسَبُهُ (۳) اَلْكَثِيْرُ هَمًّا هُوَ الْعَظِيْمُ هِمَّةً

(۲) اَلْفَائِزُ قَرِيْرُ الْعَيْنِ (۴) اَلْقَلِيْلُ الْكَلَامُ قَلِيْلُ النَّدَمِ

حل:

دیئے گئے جملوں میں صفت مشبہ کے معمول کے اعراب کی وجوہ کا بیان:

(۱) پہلے جملے میں معمول صفت مشبہ نَسَبُـــهُ ہے جو کہ مرفوع ہے، جو کہ اس کا فاعل بن رہا ہے۔

(۲) دوسرے جملے میں العین بظاہر صفت مشبہ کے لئے مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے لیکن یہاں پر وہ فاعل مضاف الیہ کہلائے گا۔

Scanned with CamScanner

(۳) تیسرے جملے میں همةً منصوب ہے صفت مشبہ کی تمیز ہونے کی وجہ سے۔
(۴) الندم مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے کیونکہ بظاہر قلیل صفت مشبہ مضاف ہورہی ہے لیکن حقیقتاً الندم فاعل مضاف الیہ بنے گا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۱۱ (مشق نمبر ۱۱)

(۱) كَوِّنْ تِسْعَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى صِفَةٍ مُشَبَّهَةٍ ، فِعْلُهَا فِي الثَّلَاثِ الْاُوْلٰى مِنْ بَابِ فَرِحَ، وَفِي الثَّلَاثِ الثَّانِيَةِ مِنْ بَابِ كَرُمَ، وَفِي الثَّلَاثِ الْاَخِيْرَةِ مِنْ اَبْوَابٍ اُخْرٰى .

نو جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک صفت مشبہ پر مشتمل ہو اس کا فعل پہلے تین جملوں میں فرح کے باب سے ہو اور دوسرے تین جملوں میں کرم سے ہو اور آخری تین میں دوسرے ابواب سے ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے:

۱ انه هو السميع خيره ۲ وما انت علينا وعليه حفيظ ما وجود عندنا
(۳) لا شک الشهيد حی عندالله

۱ هذا هو الولد البصير نسبه ۲ الكثير الادب كثير العزة
(۳) الناجح قرير العين

۱ دفنت قليل الحرب ۲ هذا هو الرجل البليغ كلامه
(۳) الصابر عظيم الهمة

(۲) كَوِّنْ تِسْعَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى صِفَةٍ مُشَبَّهَةٍ ، مَعْمُوْلُهَا مَرْفُوْعٌ فِي الثَّلَاثِ الْاُوْلٰى، مَنْصُوْبٌ فِي الثَّلَاثِ الثَّانِيَةِ ، مَجْرُوْرٌ فِي الثَّلَاثِ الْاَخِيْرَةِ.

نو ایسے جملے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک صفت مشبہ پر مشتمل ہو اور اس کا معمول پہلے تین میں مرفوع ہو دوسرے تین میں منصوب اور آخری تین میں مجرور ہو۔

Scanned with CamScanner

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے:

(۱) جَاءَ نِی الرَّجُلُ الْکَرِیْمُ قَائِمٌ غُلَامُهٗ (۲) مَرَرْتُ بِالْاِبِلِ السَّرِیْعُ سَیْرُهٗ

(۳) اَلْخَطِیْبُ طَلْقٌ لِسَانُهٗ

(۱) هٰذَا رَجُلٌ جَرِیْبَ عَمَلَهٗ (۲) اَیْنَ الْوَضِیْعُ الْقَوَاعِدَ

(۳) اَلْکَدِرُ طَبْعُهٗ هُوَ الذَّمِیْمُ عِشْرَةً

(۳) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ یَکُوْنُ مَعْمُوْلُ الصِّفَةِ الْمُشَبَّهَةِ فِی کُلٍّ مِنْهَا مُمْتَنِعاً جَرُّهٗ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ جو صفت مشبہ کا معمول ہوں اور ہر ایک میں اس کا جر ممتنع ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) اَیْنَ رَبِیْبُ زَیْنَبَ (۲) مَرَرْتُ بِرَفِیْقِ حَمْرَةَ (۳) رَاَیْتُ صَدِیْقَ عُمَرَ

تَمْرِیْنٌ فِی الْاَعْرَابِ ۱۲ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ

(۱) الخطیب طَلْقٌ لِسَانُهٗ.

الخطیب..... طلق مبتدأ وخبر.

لسانُهٗ ..... لسان فاعل للصفة المشبهة والهاء ضمیر مضاف إلیه

(۲) اَلْاَمْرُ صَعْبٌ مِرَاساً.

الأمر صعب ..... مبتدأ وخبر

مراساً ..... تمییز

Scanned with CamScanner

(ج) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ.

حل:

(۱) مِصْرُ كَثِيْرَةُ الْخَيْرَاتِ.

مصر کثیرة ..... مبتداء و خبر

الخیرات ..... فاعل مضاف الیه.

(۲) اَلْعَدُوُّ شَدِيْدٌ بَاْساً.

العدو شدید ..... مبتداء و خبر.

باسا ..... تمییز.

(۳) لَيْسَ الْعِلْمُ بِهَيِّنٍ نَيْلُهُ.

لیس ..... فعل ناقص ، العلم اس کا اسم بھین صفت مشبہ مجرور متعلق لیس کے نیله صفت مشبہ کا فاعل۔

(۴) اللَّيِّنُ الْعَرِيْكَةِ مَحْبُوْبٌ .

اللین العَرِیْکة ..... مبتداء و خبر ، محبوب فاعل صفت .

(۵) اَلشَّكِسُ خُلُقُهُ مَذْمُوْمٌ .

الشکِسُ خلقه ..... مبتداء و خبر ، مزموم فاعل صفت .

(۶) اَلْخَلِيُّ الْفُؤَادَ سَعِيْدٌ .

الخلی مبتداء الفواد مفعول به صفت مشبه سعید خبر مبتداء.

اَلتَّمْرِيْنُ ۱۳ (مشق نمبر ۱۳)

اِشْرَحِ الْبَيْتَ الْاَوَّلَ وَاَعْرِبْهُ،ثُمَّ بَيِّنِ الصِّفَاتِ الْمُشَبَّهَةَ الَّتِي فِي الْبَيْتَيْنِ الْآخِرَيْنِ :

پہلے شعر کی وضاحت کریں اور اعراب ظاہر کریں، پھر آخری دو شعروں میں موجود صفت

Scanned with CamScanner

کے صیغوں کی نشاندہی کریں۔

رُبَّ مَهْزُوْلٍ سَمِيْنٌ عِرْضُهُ وَسَمِيْنُ الْجِسْمِ مَهْزُوْلُ الْحَسَبِ
بُنَيَّ إِنَّ الْبِرَّ شَيْءٌ هَيِّنٌ وَجُهٌ طَلِيْقٌ وَكَلَامٌ لَيِّنٌ
وَإِنِّي لَسَهْلُ مَا تُغَيِّرُ شِيْمَتِي صُرُوْفُ لَيَالِي الدَّهْرِ بِالْفَتْلِ وَالنَّقْضِ

حل:

پہلے شعر کی وضاحت:

''بہت سے کمینے اور بے ہودہ مذاق کرنے والے لاغر ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے نفس موٹے ہوتے ہیں اور وہ جسم کے موٹے اور حسب اور نسب کے گندے ہوتے ہیں''

آخری دو شعروں میں آنے والے صفت کے صیغے:

هين	طليق	لين	لسهل	شيمتي	صروفه	الفتل	والنقض

☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner

(۴) اِسْمُ التَّفْضِيْلِ

اسم تفضیل کا بیان

(ا) تَعْرِيْفُهٗ وَشُرُوْطُهٗ

اسم تفضیل کی تعریف اور اس کی شرائط

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱ اَلْاَسَدُ اَشْجَعُ مِنَ النَّمِرِ — شیر چیتے سے زیادہ بہادر ہے

اَلْفِيْلُ اَضْخَمُ مِنَ الْجَمَلِ — ہاتھی اونٹ سے بہت موٹا ہے/جسامت میں بڑا ہے

اَلْحَدِيْدُ اَنْفَعُ مِنَ الذَّهَبِ — لوہا سونے سے زیادہ مفید ہے

۲ اَلشَّقِيْقُ اَشَدُّ حُمْرَةً مِنَ الْوَرْدِ — شقیق گلاب سے زیادہ سرخ ہے

اَلْغَرْبُ اَكْثَرُ تَقَدُّمًا مِنَ الشَّرْقِ — اہل مغرب اہل مشرق سے بہت زیادہ آگے ہیں

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَأَمَّلِ الْكَلِمَاتَ: اَشْجع وأضخم وأنفع فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى تَجِدُ كُلًّا مِنْهَا وَصْفًا عَلٰى وَزْنِ اَفْعَلُ، وَكُلُّ كَلِمَةٍ مِنْهَا تَدُلُّ عَلٰى اَنَّ شَيْئَيْنِ اِشْتَرَكَا فِي صِفَةٍ وَزَادَ اَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ فِيْهَا، فَاَشْجَعُ فِي الْمِثَالِ الْاَوَّلِ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاَسَدَ وَالنَّمِرَ اِشْتَرَكَا فِي صِفَةِ الشُّجَاعَةِ وَاَنَّ الْاَسَدَ يَزِيْدُ فِي هٰذِهِ الصِّفَةِ عَلَى النَّمِرِ، وَكَذٰلِكَ يُقَالُ فِي الْكَلِمَتَيْنِ اَضْخَمُ وَاَنْفَعُ، وَتُسَمّٰى كُلُّ مِنْ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ الثَّلَاثِ وَمَا مَاثَلَهَا فِي اللَّفْظِ وَالْمَعْنٰى اِسْمُ تَفْضِيْلٍ.

آپ پہلے گروپ میں موجود اشجع، اضخم اور انفع کے کلمات میں غور کریں تو آپ ان سب کو وصف کی حالت میں افعل کے وزن پر ہی پائیں گے اور ان

Scanned with CamScanner

میں سے تمام کلمات اس بات پر دلالت کریں گے کہ دو چیزیں ایک صفت میں شریک ہیں اور ان میں ایک دوسری سے اس صفت میں زیادہ ہے۔ پس اشجع پہلی مثال میں اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ شیر اور چیتا دونوں بہادری کی صفت میں شریک ہیں اور بے شک شیر اس صفت میں چیتے پر فوقیت رکھتا ہے اور ایسے ہی اضخم اور انفع کے دو کلموں میں کہا جائے گا اور ان تینوں کلمات اور جو ان کے ساتھ لفظ اور معنیٰ مماثلت رکھتا ہو سب کا نام اسم تفضیل رکھا جاتا ہے۔

وَإِذَا تَأَمَّلْتَ الْأَفْعَالَ الَّتِي صِيغَ مِنْهَا اسْمَ التَّفْضِيلِ فِي هٰذِهِ الْأَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ، وَهِيَ شَجَعَ وَضَخُمَ وَنَفَعَ وَجَدْتَهَا جَمِيعاً صَالِحَةً لِأَنْ يُتَعَجَّبَ مِنْهَا، فَهِيَ مُسْتَوْفِيَةٌ الشُّرُوطَ الثَّمَانِيَةَ الَّتِي تَقَدَّمَتْ لَكَ فِي بَابِ التَّعَجُّبِ، فَإِنَّ اسْمَ التَّفْضِيلِ لَا يُصَاغُ إِلَّا مِنَ الْفِعْلِ الَّذِي يَصِحُّ أَنْ يُتَعَجَّبَ مِنْهُ.

اور جب آپ ان افعال میں غور کریں کہ جن سے ان تینوں پر اسم تفضیل کے صیغے لائے گئے ہیں وہ افعال شجع، ضخم، نفع ہیں اور آپ ان تمام میں اس بات کی صلاحیت پاتے ہیں کہ وہ درست ہیں اس لئے کہ ان سے تعجب کیا جاتا ہے پس وہ ان آٹھ شرائط کو پورا کرتے ہیں کہ جو آپ کے سامنے تعجب کے باب میں گزر چکی ہیں پس بے شک اسم تفضیل کا صیغہ نہیں لایا جاتا مگر اس فعل سے کہ جس سے تعجب کرنا درست ہو۔

وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نَصُوغَ اسْمَ التَّفْضِيلِ مِنْ فِعْلٍ لَمْ يَسْتَوْفِ الشُّرُوطَ الثَّمَانِيَةَ، فَعَلْنَا مَا فَعَلْنَا فِي التَّعَجُّبِ، فَجِئْنَا بِالْمَصْدَرِ مَنْصُوباً بَعْدَ أَكْثَرَ أَوْ أَشَدَّ وَنَحْوِهِمَا عَلَى مِثَالِ مَا تَرَى فِي مِثَالَيِ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ. (۱) غَيْرَ أَنَّ الْمَصْدَرَ هُنَا يُعْرَبُ تَمْيِيزاً وَقَدْ كَانَ فِي بَابِ التَّعَجُّبِ يُعْرَبُ مَفْعُولاً بِهِ.

(۱) ففی المثال الاول من هذه الطائفة قد اريد التفضيل مما الوصف منه على افعل، وفی الثانی مما زاد ثلاثة.

اور جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہم کسی فعل سے اسم تفضیل کا صیغہ بنائیں کہ جس

Scanned with CamScanner

میں آٹھ شرائط پوری نہ ہوں تو پس ہم وہی کچھ کریں جو ہم نے تعجب کے بارے میں کیا تو ہم مصدر کو منصوب لائیں گے اکثر ، اشد یا ان دونوں کی مثل پر جو کہ آپ دوسرے گروپ کی دو مثالوں میں دیکھ چکے ہیں سوائے اس کے یہاں مصدر کو تمیز کی بناء اعراب دیا جائے گا۔ اور کبھی تعجب کے بارے میں بھی مفعول بہ کا اعراب دیا جاتا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۳۶) اِسْمُ التَّفْضِيْلِ: اِسْمٌ مَصُوْغٌ عَلٰى وَزْنِ "اَفْعَلَ" لِلدَّلَالَةِ عَلٰى اَنَّ شَيْئَيْنِ اِشْتَرَكَا فِي صِفَةٍ وَزَادَ اَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ فِيْهَا.

اسم تفضیل وہ اسم ہے کہ جو افعل کے وزن پر بنایا جائے اس بات کی دلالت کرنے کے لئے دو چیزیں ایک ہی صفت میں مشترک ہیں اور ان میں ایک اس وصف میں دوسرے پر زیادہ ہے۔

(۱۳۷) يُصَاغُ اِسْمُ التَّفْضِيْلِ مِنَ الْاَفْعَالِ الَّتِي يَجُوْزُ التَّعَجُّبُ مِنْهَا وَهِيَ الْاَفْعَالُ الْجَامِعَةُ الشُّرُوْطَ الثَّمَانِيَةَ الَّتِي تَقَدَّمَتْ هُنَاكَ.

اسم تفضیل کا صیغہ ان افعال سے بھی لایا جاتا ہے کہ جن سے تعجب کرنا جائز ہے اور وہ افعال آٹھ شرائط کو جامع ہوتے ہیں جو کہ وہاں پر پہلے گزر چکی ہیں۔

(۱۳۸) يُتَوَصَّلُ إِلَى التَّفْضِيْلِ مِمَّا لَمْ يَسْتَوْفِ الشُّرُوْطَ بِذِكْرِ مَصْدَرِهِ مَنْصُوْباً عَلَى التَّمْيِيْزِ بَعْدَ اَشَدَّ اَوْشِبْهِهَا. (۱)

اسم تفضیل کی طرف ملایا جاتا ہے ان افعال کو کہ جن میں وہ شرائط پوری نہیں ہوتیں اس طرح کہ ان کے مصدر کو تمیز کی بناء پر منصوب لایا جاتا ہے اشد کے بعد یا اس کلمہ کے بعد جو اس کے مشابہ ہو۔

(۱) اسم التفضیل لا یاتی مطلقاً من المنفی والمبنی للمجهول، لان مصدرهما یجب ان یکون مؤولا والمصدر المؤول معرفة فلا یکون تمییزاً.

Scanned with CamScanner

(ب) حَالَاتُ اِسْمِ التَّفْضِيْلِ

اسم تفضیل کے حالتیں

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	اَلْعِلْمُ اَنْفَعُ مِنَ الْمَالِ	علم مال سے زیادہ نفع مند ہے
	اَلشَّمْسُ اَكْبَرُ مِنَ الْاَرْضِ	سورج زمین سے بڑا ہے
	اَلْجِبَالُ اَعْلٰى مِنَ التِّلَالِ	پہاڑ ٹیلوں سے زیادہ اونچے ہیں
۲	اَلْوَلَدُ الْاَكْبَرُ ذَكِيٌّ	بڑا بیٹا ذہین ہے
	اَلدَّارُ الْكُبْرٰى جَمِيْلَةٌ	بڑا گھر خوبصورت ہے
	اَلْبَقَرَاتُ الْكُبْرَيَاتِ هَزِيْلَاتٌ	بڑی گائیں دبلی ہیں
۳	اَلْكِتَابُ اَفْضَلُ سَمِيْرٍ	کتاب رات کو بات سنانے والے سے زیادہ افضل ہے
	اَلْقَاهِرَةُ اَوْسَعُ مَدِيْنَةٍ فِي مِصْرَ	قاہرہ مصر میں بہت کھلا شہر ہے
	رِجَالُ الْعِلْمِ اَنْفَعُ رِجَالٍ	مردوں کا علم مردوں سے زیادہ نفع مند ہے
۴	عَائِشَةُ اَفْضَلُ النِّسَاءِ اَوْ فُضَلَاهُنَّ	عائشہ عورتوں میں سے افضل ہیں
	مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ اَشْرَفُ الْمُدُنِ اَوْ اَشْرَفَا الْمُدُنِ	مکہ اور مدینہ شہروں میں بہت ہی برتر شہر ہیں
	اَلْعُلَمَاءُ الْعَامِلُوْنَ اَفْضَلُ النَّاسِ اَوْ اَفَاضِلُهُمْ	عمل کرنے والے علماء لوگوں سے افضل ہیں یا ان میں سے بڑے فاضل ہیں

Scanned with CamScanner

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

كُلُّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ يَشْتَمِلُ عَلٰى اِسْمِ تَفْضِيْلٍ ، وَإِذَا تَأَمَّلْتَ هٰذَا الْاِسْمَ وَجَدْتَهُ فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى مُجَرَّداً مِنْ اَل وَالْاِضَافَةِ،وَفِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ مُحَلًّى بِاَل،وَفِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ مُضَافاً إِلٰى نَكِرَةٍ،وَفِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الرَّابِعَةِ مُضَافاً إِلٰى مَعْرِفَةٍ ،فَهُوَ يَأْتِي عَلٰى اَرْبَعِ حَالَاتٍ .

دی گئی مثالوں میں سے ہر مثال اسم تفضیل پر مشتمل ہے اور جب آپ اس اسم میں غور کریں تو آپ اس کو پہلے گروپ کی مثالوں میں الف لام اور اضافت سے خالی پائیں گے اور دوسرے گروپ میں آپ اس کو الف لام کے ساتھ پائیں گے اور تیسرے گروپ کی مثالوں میں اپ اس کو نکرہ کی طرف مضاف ہوتا ہوا پائیں گے اور چوتھے گروپ کی مثالوں میں آپ اس کو معرفہ کی طرف مضاف ہوتا ہوا پائیں گے۔ پس وہ اسم تفضیل چار حالتوں میں ہوتا ہے۔

اُنْظُرْ إِلَيْهِ فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى حَيْثُ هُوَ مُجَرَّدٌ مِنْ اَل وَالْاِضَافَةِ،تَجِدُهُ مُلَازِماً الْاِفْرَادَ وَالتَّذْكِيْرَ ، وَتَرَ الْمُفَضَّلَ عَلَيْهِ قَدْ اَتٰى بَعْدَهُ مَجْرُوْراً بِمِنْ .

آپ پہلے گروپ کی مثالوں میں اس کی طرف غور کریں جہاں وہ الف لام اور اضافت سے خالی ہے تو آپ اس کو مفرد اور مذکر کو لازم کرنے والا پائیں گے اور آپ اس کے بعد مفضل علیہ کو دیکھیں گے کہ جو مجرور ہوگا مِنْ کی وجہ سے۔

وَانْظُرْ إِلَيْهِ فِي الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ حَيْثُ هُوَ مَحَلًّى بِأَل تَجِدُهُ مُطَابِقاً لِمَوْصُوْفِهِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَأْتِيَ الْمُفَضَّلَ عَلَيْهِ بَعْدَهُ . تَأَمَّلْهُ فِي الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ حَيْثُ هُوَ مُضَافٌ إِلٰى نَكِرَةٍ ، تَجِدُهُ مُلَازِماً لِلْاِفْرَادِ وَالتَّذْكِيْرِ كَمَا كَانَ فِي الطَّائِفَةِ الْاُولٰى.اَمَّا فِي الطَّائِفَةِ الرَّابِعَةِ حَيْثُ هُوَ مُضَافٌ إِلٰى مَعْرِفَةٍ فَإِنَّكَ تَرَاهُ جَائِزَ الْوَجْهَيْنِ ، فَتَارَةً يَأْتِي مُطَابِقاً وَتَارَةً يَأْتِي غَيْرَ مُطَابِقٍ .

اور آپ اسی اسم تفضیل کی طرف دوسرے گروپ میں نظر ڈالیں جہاں وہ الف

Scanned with CamScanner

لام کے ساتھ ہے تو آپ اس کو اپنے موصوف کے مطابق ہی پائیں گے بغیر اس کے کہ اس کے بعد مفضل علیہ آتا ہو، آپ تیسرے گروپ میں غور کریں جہاں آپ اس کو نکرہ کی طرف مضاف ہوتا ہوا پائیں گے تو آپ اس کو مفرد اور مذکر کو لازم پکڑنے والا پائیں گے جیسا کہ پہلے گروپ میں تھا جبکہ چوتھے گروپ میں جہاں وہ معرفہ کی طرف مضاف ہے پس آپ اس کو دو صورتوں میں جائز دیکھیں گے کبھی تو وہ مطابق ہوگا اور کبھی غیر مطابق ہوگا۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۱۳۹) لِاسْمِ التَّفْضِيْلِ اَرْبَعُ حَالَاتٍ :

اسم تفضیل کی چار حالتیں ہیں:

(ا) اَنْ يَكُوْنَ مُجَرَّداً مِنْ ال وَالْاِضَافَةِ ، وَفِي هٰذِهِ الْحَالِ يَجِبُ إِفْرَادُهُ وَتَذْكِيْرُهُ وَالْاِتْيَانُ بَعْدَهُ بِالْمُفَضَّلِ عَلَيْهِ مَجْرُوْراً بِمِنْ .

پہلی حالت یہ ہے کہ وہ الف لام اور اضافت سے خالی ہو تو اس حالت میں اس کا مفرد اور مذکر لانا واجب ہے اور اس کے بعد مفضل علیہ مجرور ہوگا مِنْ کی وجہ سے۔

(ب) اَنْ يَكُوْنَ مُحَلًّى بِأل ،وَفِي هٰذِهِ الْحَالِ تَجِبُ مُطَابَقَتُهُ لِمَوْصُوْفِهِ ، وَلَا يُؤْتٰى بَعْدَهُ بِالْمُفَضَّلِ عَلَيْهِ . (۱)

دوسری حالت یہ ہے کہ وہ الف لام کے ساتھ ہو اور اس حالت میں اس کا اپنے موصوف کے مطابق ہونا واجب ہے اور اس کے بعد اس کا مفضل علیہ نہیں لایا جائے گا۔

(۱) يرجع في تانيث اسم التفضيل وتكسيره إلى سماع ، فقد يكون تانيثه او تكسيره غير مسموع كاظرف وأشرف ، وعلى هذا تكون المطابقة مقيدة بالسماع عن العرب .

(ج) اَنْ يَكُوْنَ مُضَافاً إِلٰى نَكِرَةٍ ،وَفِي هٰذِهِ الْحَالِ يَجِبُ إِفْرَادُهُ وَتَذْكِيْرُهُ

تیسری حالت یہ ہے کہ وہ نکرہ کی طرف مضاف ہو تو اس حالت میں واجب ہے کہ اس کو مفرد اور مذکر لایا جائے۔

Scanned with CamScanner

(۹) اَنْ يَّكُوْنَ مُضَافاً إِلٰى مَعْرِفَةٍ ، وَهُنَا تَجُوْزُ فِيْهِ الْمُطَابَقَةُ وَعَدَمُهَا.(۱)

چوتھی حالت یہ ہے کہ وہ معرفہ کی طرف مضاف ہے اور وہاں پر اس میں مطابقت اور عدم مطابقت دونوں جائز ہیں۔

(۱) هذا اذا قصد به التفضيل كما فى امثلة الطائفة الاخيرة،اما اذا لم يقصد به التفضيل فتجب فيه المطابقة، كما اذا قلت:محمد وعلى اكتبا سكان الضيعة اذا كان من عداهما فيها اَمِيّاً .

☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner

(ج) عَمَلُ اِسْمِ التَّفْضِيْلِ

اسم تفضیل کا عمل

اَلْاَمْثِلَةُ:

(۱) اَلْحَرِيْرُ اَغْلٰى مِنَ الْقُطْنِ

ریشم روئی سے زیادہ مہنگا ہے۔

(۲) النِّيْلُ اَطْوَلُ مِنَ الْفُرَاتِ

نیل فرات سے زیادہ لمبا ہے۔

(۳) اَلطَّيَّارَةُ اَسْرَعُ مِنَ الْقِطَارِ

طیارہ ریل گاڑی سے زیادہ تیز ہے۔

(۴) مَا مِنْ اَرْضٍ اَجْوَدُ فِيْهَا الْقُطْنُ مِنْهُ فِي اَرْضِ مِصْرَ

کوئی زمین مصر کی زمین سے زیادہ زرخیز نہیں جبکہ جو زیادہ کپاس اگائے۔

(۵) لَا يَكُنْ غَيْرُكَ اَقْرَبَ اِلَيْهِ الْخَيْرُ مِنْهُ اِلَيْكَ

تیرے علاوہ کوئی بھلائی کے زیادہ قریب نہ ہو تیری طرف۔

(۶) اَرَاَيْتَ رَجُلاً اَوْلٰى بِهِ الشُّكْرُ مِنْهُ بِمُحْسِنٍ لَا يَمُنُّ ؟

کیا آپ نے کوئی ایسا شخص دیکھا جو زیادہ اچھا ہو اس محسن سے جو احسان نہیں جتلاتا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْكَلِمَاتُ اَغْلٰى اَطْوَلُ اَسْرَعُ فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى اَسْمَاءُ تَفْضِيْلٍ اَيْضاً، وَكُلٌّ مِنْهَا رَافِعٌ ضَمِيْراً مُسْتَتِراً هُوَ فَاعِلُهُ.

پہلے گروپ کی مثالوں میں موجود اغلی، اطول اور اسرع کے کلمات بھی اسمائے

Scanned with CamScanner

تفضیل ہیں اوران میں سے ہرایک ضمیر مستتر کورفع دیتا ہے جوکہ اس کا فاعل ہے۔

وَالْكَلِمَاتُ: اَجْوَدُ وَاَقْرَبُ وَاَوْلٰى فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ اَسْمَاءُ تَفْضِيْلٍ اَيْضاً وَكُلٌّ مِنْهَا رَافِعٌ اِسْماً ظَاهِراً بَعْدَهُ هُوَ الْفَاعِل .

اوردوسرے گروپ کی مثالوں میں موجوداجود، اقرب اوراولیٰ کے کلمات بھی اسمائے تفضیل ہیں اوران میں سے ہرایک اپنے بعدوالے اسم کورفع دیتا ہے جو کہ اس کا فاعل ہے۔

وَإِذَا تَدَبَّرْتَ اَسْمَاءَ التَّفْضِيْلِ فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ حَيْثُ تَرْفَعُ اَسْمَاءَ الظَّاهِرَةِ وَجَدْتَ كُلاًّ مِنْهَا يَصْلُحُ لِاَن يَحُلَّ مَحَلَّهُ فِعْلٌ بِمَعْنَاهُ،إِذْ يَصْلُحُ فِي الْمِثَالِ الرَّابِعِ مَثَلاً اَنْ تَقُوْلَ "مَا مِنْ اَرْضٍ يَجُوْدُ فِيْهَا الْقُطْنُ كَجَوْدَتِهِ فِي مِصْرَ" وَهٰذَا مُطَّرِدٌ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ يَقَعُ فِيْهِ اِسْمُ التَّفْضِيْلِ بَعْدَ نَفْيٍ اَوْ شِبْهِهِ ، وَيَكُوْنُ مَرْفُوْعُهُ اَجْنَبِيًّا مُفَضَّلاً عَلٰى نَفْسِهِ بِاعْتِبَارَيْنِ .(۱)

(۱) فانت ترى ان اسم التفضيل فى الامثلة الثلاثة الاخيرة مسبوق بنفى،او نهى،او استفهام على الترتيب،وان مرفوعة فى كل منها اجنبى،اى غير متصل بضمير يعود على الموصوف، وان هذا المرفوع مفضل على نفسه باعتبارين،فان معنى المثال الرابع مثلاً القطن باعتبار كونه مزروعاً فى ارض مصرية اجود من نفسه باعتبار كونه مزروعاً فى ارض اخرى .

جب آپ دوسرے گروپ میں موجود مثالوں میں اسمائے تفضیل میں غور کریں جہاں وہ اسمائے ظاہرہ کورفع دیتے ہیں تو آپ ان میں سے سب کو اس بات کی صلاحیت رکھنے والے پائیں گے کہ ان کی جگہ پر ایسا فعل رکھ دیا جائے جو اسم کے ہم معنیٰ ہو اس لئے کہ چوتھی مثال میں یہ صلاحیت پائی جاتی ہے کہ آپ کہیں گے " ما من ارض يجود فيها القطن بجودته فى مصر " اور یہ طریقہ ہر اس جگہ پر اپنایا جاسکتا ہے کہ جہاں اسم تفضیل نفی یا اس کے مشابہ کے بعد واقع ہو اس کا مرفوع کوئی اجنبی مفضل علی نفسہ ہوتا ہے دو اعتبار سے۔

Scanned with CamScanner

اَلْقَاعِدَةُ:

(۱۴۰) يَرْفَعُ اِسْمُ التَّفْضِيْلِ الضَّمِيْرَ الْمُسْتَتِرَ ، وَلاَ يَرْفَعُ الظَّاهِرَ قِيَاساً إِلاَّ إِذَا صَحَّ اَنْ يَقَعَ فِي مَوْضِعِهِ فِعْلٌ بِمَعْنَاهُ وَهٰذَا مُطَّرِدٌ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ يَقَعُ فِيْهِ اِسْمُ التَّفْضِيْلِ بَعْدَ نَفْيٍ اَوْ شِبْهِهِ وَيَكُوْنُ مَرْفُوْعُهُ اَجْنَبِيًّا (۱) مُفَضَّلاً عَلٰى نَفْسِهِ بِاِعْتِبَارَيْنِ .

اسم تفضیل ضمیر مستتر کو رفع دیتا ہے اور اسم ظاہر کو رفع نہیں دیتا قیاساً مگر جبکہ اس کی جگہ پر اس کے ہم معنیٰ فعل کو لانا درست ہو۔ اور یہی طریقہ اپنایا گیا ہے ہر اس جگہ میں جہاں اس اسم تفضیل نفی یا اس کے مشابہ کے بعد واقع ہو اور اس کا مرفوع اجنبی مفضل علی نفسہ ہو دو اعتبار سے۔

(۱) المرفوع الاجنبی هذا هو ما لم يتصل بضمير الموصوف .

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

بَيِّنْ أَسْمَاءَ التَّفْضِيْلِ فِيْمَا يَأْتِيْ :

آنے والی عبارت سے اسم تفضیل کے کلمات کو الگ کریں۔

قَالَ هِشَام بنُ عبد الملک لِخَالِدِ بنِ صفوان : صِفْ لِيْ جَرِيْرًا وَالْفَرَزْدَقَ وَالْاَخْطَلَ،فَقَالَ : "يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ،اَمَّا اَعْظَمُهُمْ فَخْراً،وَاَبْعَدُهُمْ ذِكْراً، وَاَحْسَنُهُمْ عُذْراً،وَاَسْيَرُهُمْ مثلاً وَاَقَلُّهُمْ غَزَلاً ،اَلْبَحْرُ الطَّامِي إِذَا زَخَرَ وَالسَّامِي إِذَا خَطَرَ،الفصيح اللسان ، الطويل العِنان ، فالفرزدق " .

وَاَمَا احسنُهم نعتاً وامدحهم بيتاً واقلهم فوتاً،الذی إذا هجا وضع وإذا مدح رفع ، فَالْاَخطل .

وَاَمَا اغزرهم بحراً ،وافهمهم شعراً،واكثرهم ذكراً،اَلاَغَرُّ الْاَبْلَقُ (۱) الذی

إن طلب لم يُسبَق، وإن طلِبَ لم يلحق فجرير، وكلهم ذكي الفؤاد، رفيع العماد (۲) واري الزناد (۳)

قال مسلمة بن عبدالملك وكان حاضراً: "ما سمعنا بمثلك بابن صفوان في الاولين ولا في الآخرين: أشهد أنك أحسنهم وصفاً، وألينهم عطفاً (۴) وأخفهم مقالاً وأكرمهم فعالاً.

(۱) الاغر: الابيض، والأبلق: الذي فيه سواد وبياض، والمراد المشهور.

(۲) رفيع العماد: اي سيد.

(۳) واري الزناد: اي كريم.

(٤) اي ألينهم جانباً.

حل:

دی گئی عبارت سے اسمائے تفضیل کے کلمات کا انتخاب۔

اَلاَخطل	اَعظم	اَبْعَدَ	اَحْسَن	اَسْيَر	اَقَل
اَمْدَح	اَغْرَز	اَفهم	اَكْثر	اَلْاَغَرّ	اَلْاَبْلَق
الاَوَّلين	الاخرين	الين	اخف	اكرم	

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

اِشْرَحْ اَرْبَعَةً مِنَ الْاَمْثَالِ الْآتِيَةِ، ثُمَّ بَيِّنْ مَا جَاءَ فِيْهَا مِنْ اَسْمَاءِ التَّفْضِيْلِ مُضَافاً اَوْمَحَلّٰى بِاَل، اَوْمُجَرَّداً، مَعَ ذِكْرِ حُكْمِ كُلٍّ:

آنے والے جملوں میں سے چار کی وضاحت کریں پھر جہاں اسم تفضیل مضاف ہو کر یا الف لام سے مزین ہو کر یا دونوں سے خالی ہو کر آیا ہے اس کو بمع حکم کے ذکر کریں۔

(۱) وَعْدُ الْكَرِيْمِ اَلْزَمُ مِنْ دَيْنِ الْغَرِيْمِ.

(۲) اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى.

(۳) خَيْرُ الْغِنٰى الْقُنُوْعُ، وَشَرُّ الْفَقْرِ الْخُضُوْعُ.

Scanned with CamScanner

(۴) مَا اُضِيفَ شَيْءٌ إِلٰى شَيْءٍ اَحْسَنُ مِنْ عِلْمٍ إِلٰى حِلْمٍ .

(۵) مَا النَّارُ فِي الْفَتِيْلَةِ بِاَحْرَقَ مِنَ التَّعَادِي فِي الْقَبِيْلَةِ .

(۶) مَوْتٌ فِي قُوَّةٍ وَعِزٍّ اَصْلَحُ مِنْ حَيَاةٍ فِي ذُلٍّ وَعَجْزٍ .

(۷) اَجْرَأُ النَّاسِ عَلَى الْاَسَدِ اَكْثَرُهُمْ لَهُ رُؤْيَةً .

(۸) اَفْضَلُ الْخِلَالِ حِفْظُ اللِّسَانِ .

حل:

دیئے گئے جملوں میں سے چار جملوں کی تشریح۔

(۱) اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى .

''اوپر والا ہاتھ بہتر ہے نیچے والے ہاتھ سے'' اس کا مفہوم یہ ہے کہ دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے اس لئے کہ کسی سے مانگنا سوال کرنا یہ رسوائی ہے اور کسی کو دینا اور مشکل وقت میں کسی کا تعاون کرنا یہ عزت کا سبب ہے''۔

(۲) مَوْتٌ فِي قُوَّةٍ وَعِزٍّ اَصْلَحُ مِنْ حَيَاةٍ فِي ذُلٍّ وَعَجْزٍ .

''طاقت اور عزت کی حالت میں مرنا زیادہ اچھا ہے ذلت اور رسوائی (بے بسی) کی زندگی سے'' اس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک آدمی طاقت اور عزت رکھنے کے باوجود مرگیا تو اس کے لئے مرجانا بہتر ہے کیونکہ لوگ اس کو اچھے لفظوں سے یاد کریں گے اور اس کی کمی کو محسوس کریں گے جب کہ ایک وہ آدمی جو کہ ذلت اور بے بسی کے عالم میں بہت عرصہ تک زندہ رہے اس کا زندہ رہنا بھی اس کے لئے دنیا ہی میں گویا ایک عذاب اور رسوائی ہے''۔

(۳) اَجْرَأُ النَّاسِ عَلَى الْاَسَدِ اَكْثَرُهُمْ لَهُ رُؤْيَةً .

''لوگوں میں سے سب سے زیادہ بہادر شیر پر وہ شخص ہے کہ جو شیر کو سب سے زیادہ دیکھنے والا ہو'' اس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک آدمی ایک خوفناک چیز کو جب پہلی مرتبہ دیکھتا ہے تو اسکا خوف زیادہ ہوتا ہے لیکن جب وہ بار بار دیکھتا ہے تو

Scanned with CamScanner

اس کا خوف آہستہ آہستہ ختم ہو جاتا ہے اس وجہ سے بہادر بن جاتا ہے۔

(۴) اَفْضَلُ الْخِلَالِ حِفْظُ اللِّسَانِ .

"عادتوں میں سے سب سے اچھی عادت زبان کی حفاظت ہے" اس کی وجہ یہ ہے کہ اکثر اوقات لڑائی جھگڑا زبان کو بے جا اور بلا روک ٹوک استعمال کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے جو کہ ہمیشہ کے فساد کا سبب بن جاتی ہے، تو اس وجہ سے ہر آدمی کو چاہئے کہ اپنی زبان کی خوب حفاظت کرے اور اپنے آپ کو دنیاوی اور اخروی پریشانیوں سے محفوظ رکھے"۔

اسم تفضیل کا بیان:

(۱) پہلے جملے میں اسم تفضیل اضافت اور الف لام دونوں سے خالی ہے۔
(۲) دوسرے جملے میں خیر اسم تفضیل اسی طرح ہی ہے۔
(۳) تیسرے جملے میں اسم تفضیل خیر اور شر دونوں اضافت کے ساتھ ہیں۔
(۴) چوتھے جملے میں احسن اسم تفضیل الف لام اور اضافت دونوں سے خالی ہے۔
(۵) پانچویں جملے میں اسم تفضیل احرف الف لام اور اضافت دونوں سے خالی ہے۔
(۶) چھٹے جملے میں اسم تفضیل اصلح الف لام اور اضافت دونوں سے خالی ہے۔
(۷) ساتویں جملے میں اجرأ اور اکثر اضافتِ کے ساتھ ہیں۔
(۸) آٹھویں جملے میں افضل اسم تفضیل اضافت کے ساتھ ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

هَاتِ اَسْمَاءَ التَّفْضِيْلِ لِلْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ وَضَعْ اَرْبَعَةً مِنْهَا فِي جُمَلٍ تَامَّةٍ :

آنے والے افعال کے اسماء تفضیل لائیں اور ان میں سے چار کو جملوں میں رکھیں۔

جار	اخضرَّ	جال	حکی	جهل	حَمِیَ	تَاَخَّرَ
انحدر	حلِوَ	جفا	حار	حلا	اقترب	جَمُل
اعطیٰ	جَبُن	اُهمل	اتسع	جاع	حَنَّ	

Scanned with CamScanner

حل:

دیئے گئے افعال سے اسماء تفضیل درج ذیل ہیں۔

اَجْوَرُ	اَشَدُّ اخضرارًا	اَجْیَلُ	اَحْکٰی	اَجْهَلُ
اَحْمٰی	اَشَدُّ تَاخُّرًا	اَشَدُّ اِنْحِدَادًا	اَحْذَر	اَجْفٰی
اَضْبَرُ	اَحْلٰی	اَشَدُّ اِقْتِرَابًا	اَجْمَلُ	اَشَدُّ اعطاءً
اَجْبَنُ	اَشَدُّ اِهْمَالاً	اَشَدُّ اشاعًا	اَجْیَعُ	اَحَنُّ

جملے درج ذیل ہیں:

(۱) اَلْقَرَوِیُّ اَجْهَلُ مِنْکَ (۲) حَمْزَةُ اَجْمَلُ مِنْ صَدِیْقِهٖ

(۳) اَلطِّفْلُ اَحْذَرُ مِنَ الْاَسَدِ ،زَیْدٌ اَحْکٰی الْقَوْمِ

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اَخْبِرْ عَنْ کُلِّ ضَمِیْرٍ مِنَ الضَّمَائِرِ الْآتِیَةِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ بِاِسْمِ تَفْضِیْلٍ مُشْتَقٍّ مِنَ الْفَضْلِی بِحَیْثُ یَکُوْنُ مَرَّةً مُجَرَّداً مِنْ اَل وَالْاِضَافَةِ،وَاُخْرٰی مَحَلًّی بِاَل، وَثَالِثَةً مُضَافًا اِلٰی نَکِرَةٍ ، وَرَابِعَةً مُضَافاً اِلٰی مَعْرِفَةٍ :

آنے والی ضمیروں میں سے ہر ضمیر کے متعلق چار مرتبہ خبر دیں الفضل سے مشتق اسم تفضیل کے ساتھ دس طرح سے کہ ایک مرتبہ وہ الف لام اور اضافت سے خالی ہو دوسری مرتبہ الف لام کے ساتھ ہو اور تیسری مرتبہ نکرہ کی طرف مضاف اور چوتھی مرتبہ معرفہ کی طرف مضاف ہو۔

هو	هی	هما	هم	هن

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق ضمیر کا اسم تفضیل کے ساتھ استعمال۔

هُوَ اَفْضَلُ مِنْ عمرٍو	هُوَ اَفْضَلُ الْقَوْمِ	هُوَ افضل قَوْمٍ	هُوَ الْاَفْضَلُ

Scanned with CamScanner

هِیَ فضلیٰ من زینب	هی فضلیَ النساء	هی فضلیَ قوم	هِیَ الفضلی
هُما افضلان من صدیقهما	هما اَفْضَلُ الْقَوْمِ	هما افضل قَرْیَةٍ	هُمَا الْاَفْضَلَانِ
هم اَفْضَلون مِن عمرو	هم افضلوا القوم	هم افضلو قوم	هم الافضلون
هُنَّ فُضْلَیَاتٌ مِن زَیْنَبَ	هُنَّ فُضَلَیَاتِ الْقَوْمِ	هُنَّ فُضْلَیاتِ قومٍ	هُنَّ الْفُضْلَیَاتُ

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

اِجْعَلْ کُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِیَةِ مُفَضَّلاً مَجْرُوْراً بِمِنْ ، وَأْتِ قَبْلَهٗ بِاِسْمِ تَفْضِیْلٍ مُنَاسِبٍ :

آنے والے اسماء میں سے ہر ایک مفضل مجرور بنائیں مـــن کے ساتھ اور ان سے پہلے مناسب اسم تفضیل لائیں۔

اَلْجَمْرِ	المسوء ل	الثعلب	السهم	فلق الصبح
نعامة	القطاة	الليل	الطاؤس	بيت العنكبوت
النجم	إغفاء ة الفجر	أسد	سحبان	البرق
الجبل	الأحنف	حاتم	النسيم	لمح البصر

حل:

دیئے گئے کلمات کا ہدایات کے مطابق اسم تفضیل کے ساتھ استعمال۔

(۱) کَلَامُ الرَّجُلِ الْخَبِیْثِ اَحْرَقُ مِنَ الْجَمْرِ.

(۲) اَلْخَصْلَةُ السَّیِّئَةُ اَکْرَهُ مِنَ السَّمُوْلِ.

(۳) اَلْمُنَافِقُ اَخْدَعُ مِنَ الثَّعْلَبِ.

(۴) ضَرْبُ الْکَلَامِ اَضَرُّ مِنَ السَّهْمِ.

(۵) اَلْاِسْلَامُ اَوْضَحُ مِنْ فَلَقِ الصُّبْحِ.

Scanned with CamScanner

(٦) اَلدِّيْكُ اَصْغَرُ مِنَ النُّعَامَةِ.

(٧) لَيْسَ مِنْ طُيُوْرٍ اَعْدَلُ مِنَ الْقُطَاةِ.

(٨) اَلْجَهْلُ اَظْلَمُ مِنَ اللَّيْلِ.

(٩) لَيْسَ الْحَمَامُ اَجْمَلُ مِنَ الطَّاوُسِ.

(١٠) مَا رَاَيْتُ بَيْتًا اَوْهَنَ مِنْ بَيْتِ الْعَنْكَبُوْتِ.

(١١) اَلشَّمْسُ اَكْبَرُ مِنَ النَّجْمِ.

(١٢) يَنْقُصُ الرِّزْقُ مِنْ اِغْفَائَةِ الْفَجْرِ.

(١٣) هٰذَا الرَّجُلِ اَجْرَى مِنْ اَسَدٍ.

(١٤) مَنْ كَانَ اَفْصَحُ وَاَخْطَبُ مِنْ سَحْبَانَ.

(١٥) ضَوْءُ الشَّمْسِ اَشَدُّ مِنَ الْبَرْقِ.

(١٦) اَلتَّلُّ اَصْغَرُ مِنَ الْجَبَلِ.

(١٧) اَيُّ رَجُلٍ اَبْطَى مِنَ الْاَحْنَفِ.

(١٨) اَيُّ رَجُلٍ اَسْخٰى مِنْ حَاتَمَ.

(١٩) قَطْرَةُ مَاءِ زَمْ زَمَ اَنْفَعُ مِنَ النَّسِيْمِ

(٢٠) اَيُّ سَيَّارَةٍ اَسْرَعُ مِنْ لَمْحِ الْبَصَرِ

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر ٦)

هَاتِ الْاَفْعَالَ الْمَاضِيَةَ الَّتِي صِيْغَتْ مِنْ مَصَادِرِهَا اَسْمَاءُ التَّفْضِيْلِ الْوَارِدَةُ فِي الْآتِيَةِ: ثُمَّ اسْتَعْمِلْ هٰذِهِ الْاَفْعَالَ فِي جُمَلٍ تَامَّةٍ.

آنے والے اسماء تفضیل کے مصادر سے فعل ماضی کے افعال کو لائیں پھر ان افعال کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

١) آمَنُ مِن حمام مكة ٢) اجمع من نحلة ٣) اَشجى من حمامة

٤) اَثْبَتُ مِنْ رَضْوى ٥) اَجْرَأُ مِنْ لَيْثٍ ٦) اَجْدَى مِن الغيث

Scanned with CamScanner

۷) اَحْذَرُ مِنْ ذِئْبٍ ۸) اَحْکٰی مِنْ قِرَدٍ ۹) اَعْلٰی مِنَ السَّمَآءِ

حل:

دیئے گئے اسمائے تفضیل کے مصادر سے افعال ماضیہ درج ذیل ہیں۔

اَمَنَ	جمع	شَجٰی	ثَبَتَ	جَرٰی
جدی	حذر	حکی	علی	

اَلتَّمْرِیْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

حَدِّثْ عَنِ الْوَاحِدِ مُثَنّٰی وَجَمْعَهٗ فِی الْمِثَالِ الْآتِی ، مَعَ بَیَانِ الْوُجُوْهِ الْمُمْکِنَةِ فِی اِسْمِ التَّفْضِیْلِ ، وَاذْکُرِ السَّبَبَ :

" هٰذَا الْوَلَدُ اَکْبَرُ اِخْوَتِهٖ عَقْلاً "

آنے والی مثال میں موجود واحد سے تثنیہ اور جمع کو بیان کریں اور اسم تفضیل میں ممکنہ وجوہ کو بیان کریں اور سبب ذکر کریں۔

حل:

دی گئی مثال میں تثنیہ اور جمع کے کلمات کے ساتھ تبدیلی۔

هٰذَانِ الْوَلَدَانِ اَکْبَرَا اِخْوَتِهِمَا عَقْلاً هٰؤُلَآءِ الْاَوْلَادُ اَکْبَرُوْ اِخْوَتِهِمْ عَقْلاً

اَلتَّمْرِیْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

حَدِّثْ عَنِ الْمُثَنّٰی وَالْجَمْعِ مُذَکَّرَیْنِ وَمُؤَنَّثَیْنِ فِی الْمِثَالِ الْآتِی :

" مَنْ قَنَعَ بِمَا عِنْدَهٗ فَهُوَ الْاَسْعَدُ حَیَاةً "

آنے والی مثال سے مثنی اور جمع مذکر اور مؤنث کے صیغے بنائیں۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے درج ذیل ہیں۔

Scanned with CamScanner

مَنْ قَنَعَا بِمَا عِنْدَهُمَا فَهُمَا الْاَسْعَدَانِ حَيَاةً.

مَنْ قَنَعُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ فَهُمُ الْاَسْعَدُوْنَ حَيَاةً.

مَنْ قَنَعَتَا بِمَا عِنْدَهُمَا فَهُمَا السُّعْدَيَانِ حَيَاةً.

مَنْ قَنَعْنَ بِمَا عِنْدَهُنَّ فَهُنَّ السُّعْدَيَاتُ حَيَاةً.

اَلتَّمْرِيْنُ ۹ (مشق نمبر ۹)

(۱) اَخْبِرْ بِاسْمِ تَفْضِيْلٍ مُحَلًّى بِأل عَنْ جَمِيْعِ ضَمَائِرِ الرَّفْعِ الْمُنْفَصِلَةِ فِي حَالِ الْخِطَابِ.

خطاب کی حالت میں اسم تفضیل معرف باللام کے ساتھ تمام ضمائر منفصلہ کو استعمال کریں۔

حل:

زَيْدٌ هُوَ الْاَفْضَلُ اَلْوَلَدَانِ هُمَا الْاَفْضَلَانِ اَلرِّجَالُ هُمُ الْاَفْضَلُوْنَ الخ

(۲) اَخْبِرْ بِاسْمِ تَفْضِيْلٍ مُضَافٍ إِلٰى نَكِرَةٍ عَنْ ضَمِيْرِي الرَّفْعِ الْمُنْفَصِلِيْنَ فِي حَالِ الْمُتَكَلِّمِ.

اسم تفضیل کی اسم نکرہ کی طرف اضافت کے ساتھ ضمیر مرفوع منفصل سے متعلق متکلم کے حال کی خبر دیں۔

حل:

اَنَا اَفْضَلُ قَوْمٍ جَاهِلٍ نَحْنُ اَفْضَلُو نَاسٍ

(۳) أَخْبِرْ بِاسْمِ تَفْضِيْلٍ مُضَافٍ إِلٰى مَعْرِفَةٍ عَنْ جَمِيْعِ أَسْمَاءِ الْإِشَارَةِ.

اسم تفضیل جو کہ معرفہ کی طرف مضاف ہو تمام اسماء اشارہ سے متعلق خبر دیں۔

حل:

ہدایات کے مطابق جملے:

Scanned with CamScanner

هٰذَا الرَّجُلُ اَفْضَلُ الْقَوْمِ هٰذَانِ الرَّجُلاَنِ اَفْضَلاَ الْقَوْمِ

هٰؤُلآءِ الرِّجَالُ اَفْضَلُوا الْقَوْمِ

اَلتَّمْرِيْنُ ۱۰ (مشق نمبر ۱۰)

كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ يَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى اِسْمِ تَفْضِيْلٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ رَافِعاً ضَمِيْراً مُسْتَتِراً فِي الثَّلاثِ الْاُوْلٰى ، وَاِسْماً ظَاهِراً فِي الثَّلاثِ الْاَخِيْرَةِ، ثُمَّ بَيِّنِ الْمُفَضَّلَ وَالْمُفَضَّلَ عَلَيْهِ فِي كُلِّ جَمَاعَةٍ .

چھ جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک اسم تفضیل پر مشتمل ہو اس حیثیت سے کہ پہلے تین میں ضمیر کو مستتر کو رفع دینے والا ہو اور آخری تین میں اسم ظاہر کو رفع دینے والا ہو پھر مفضل اور مفضل علیہ کو ہر جملے میں بیان کریں۔

حل:

طلباء خود جملے بنائیں، مدد کے لئے سابقہ تمارین کی طرف غور کریں۔

تَمْرِيْنٌ فِي الْاَعْرَابِ ۱۱ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ:

مَا مِنْ حَدِيْقَةٍ اَجْمَلُ فِيْهَا الزَّهْرُ مِنْهُ فِي حَدِيْقَتِكُمْ

ما ..... نافية

من .....حرف جر زائد مبنى على السكون.

حديقة ..... مبتدأ مرفوع بضمة مقدرة.

أجمل ..... خبر المبتدأ مرفوع بالضمة الظاهرة.

فيها ..... جار ومجرور حال من الزهر.

الزهر ..... فاعل أجمل.

منه ..... جار ومجرور ومتعلقان بأجمل.

Scanned with CamScanner

فی حدیقتکم ..... فی حدیقة جار ومجرور حال من الهاء فی منه، و "کم "ضمیر مضاف إلیه.

(ب) اَعْرِبِ الْمِثَالَیْنِ الْآتِیَةَ.

آنے والی دونوں مثالوں کی ترکیب کریں۔

(۱) اَلْقَاهِرَةُ اَکْثَرُ سُکَّاناً مِنَ الْاِسْکَنْدَرِیَّةِ .

(۲) لَمْ اَرَ رَجُلاً اَشَدُّ فِی قَلْبِهِ الْعَطْفُ مِنْهُ فِی قَلْبِ أَخِیْکَ .

حل:

دی گئی دو مثالوں کی ترکیب:

(۱) القاهر مبتداء، اکثر اسم تفضیل مبتداء اس میں هُوَ ضمیر مبہم ممیز سکانا تمیز ممیز تمیز ملکر فاعل ہوا اسم تفضیل کا۔ من حرف جار الاسکندریه مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا اسم تفضیل کے، اسم تفضیل اپنے متعلق اور فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر محلاً مرفوع خبر ہوا مبتداء کی۔

(۲) لم حرف نفی جازمہ، اَرَ فعل واحد متکلم انا ضمیر اس کا فاعل، رجلا موصوف، اشد اسم تفضیل، فی حرف جار، قلبه قلب مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ دونوں ملکر مجرور، جار مجرور متعلق اسم تفضیل کے۔

العطف اسم تفضیل کا فاعل، منه جار مجرور متعلق اسم تفضیل، فی حرف جار، قلب اخیک، قلب مضاف اخ مضاف ک مضاف الیہ دونوں ملکر مضاف الیہ ہوا قلب مضاف کے، مضاف اپنے مضاف سے ملکر متعلق ثانی ہوا اسم تفضیل کا، اسم تفضیل اپنے متعلق اور فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب صفت ہوا موصوف کی، موصوف صفت ملکر مفعول بہ ہوا فعل کا۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۱۲ (مشق نمبر ۱۲)

اِشْرَحِ الْبَیْتَ الْآتِی وَاَعْرِبْهُ :

آنے والے شعر کی وضاحت کریں اور اعراب کو واضح کریں۔

Scanned with CamScanner

وَلَلْكَفُّ عَنْ شَتْمِ اللَّئِيْمِ تَكَرُّماً أَضَرُّ لَهُ مِنْ شَتْمِهِ حِيْنَ يُشْتَمُ

حل:

مذکورہ شعر کی وضاحت:

''اور البتہ رک جانا بہتر ہے کمینے آدمی کو عزت کے لحاظ سے گالی دینے اور برا بھلا کہنے سے، اس لئے یہ بات اس کے لئے زیادہ نقصان دہ ہے اس کو گالی دینے سے کہ جب اس کو گالی دی جائے''

☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner

(۵) اِسْمَا الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ

اسم زمان اور مکان کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

ا	مَلْهَى الْمَدِيْنَةِ فَخْمٌ شہر کا گراؤنڈ بہت بڑا ہے	ب	مِصْرُ مَهْبَطِ السُّيَاحِ مصر سیاحوں کی پسندیدہ جگہ (مرکز) ہے
	مَجْرَى النَّهْرِ ضَيِّقٌ دریا کے بہاؤ راستہ تنگ ہے		اَلْاَرْضُ مَعْدِنُ الذَّهَبِ زمین سونے کی کان ہے
	مَلْعَبُ الْكُرَةِ فَسِيْحٌ فٹ بال کا گراؤنڈ کھلا ہے		مَوْرِدُ الْمَاءِ مُزْدَحِمٌ پانی کے گھاٹ پر ازدحام (بھیڑ) ہے
	مَصْنَعُ الزُّجَاجِ مُغْلَقٌ شیشہ فیکٹری بند ہے		مَوْقِفُ السَّيَّارَاتِ بَعِيْدٌ بسوں کا اڈہ دور ہے
	مَنْظَرُ الرِّيْفِ بَدِيْعٌ سرسبزی و شادابی کا منظر عجیب و غریب ہے	ج	اَلْمُصَلّٰى قَرِيْبٌ عیدگاہ قریب ہے
	مَدْخَلَ الدَّارِ بَهِيْجٌ گھر میں داخل ہونے کا راستہ خوبصورت ہے		اَلْمُتَنَزَّهُ جَمِيْلٌ سیرگاہ خوبصورت ہے

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْكَلِمَاتُ: مَلْهَى، وَمَجْرَى، وَمَلْعَب، وَمَصْنَعُ، وَمَنْظَر، ومَدْخَل، فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ (ا) وَكَذٰلِكَ الْكَلِمَاتُ مَهْبِط، وَمَعْدِن، وَمَوْرِد، ومَوْقِف،

وَالْمُصَلّٰی، وَالْمُتَنَزَّهُ، فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَتَیْنِ (ب) و (ج) کُلُّهَا اَسْمَاءٌ مَاخُوْذَةٌ مِنَ الْمَصَادِرِ لِلدَّلَالَةِ عَلٰی مَکَانِ حُدُوْثِ الْفِعْلِ، وَلِذٰلِکَ یُسَمّٰی کُلٌّ مِنْهَا اِسْمَ "مَکَانٌ".

(ا) گروپ کی مثالوں میں ملهی، مجری، ملعب، مصنع، منظر، مدخل کے کلمات اور اسی طرح گروپ (ب) اور (ج) کی مثالوں میں مهبط، معدن، مورد، موقف، مصلی اور متنزہ کے جو کلمات ہیں وہ سارے کے سارے مکان پر فعل کے حدوث پر دلالت کرنے کے لئے مصادر سے اخذ کئے گئے ہیں اور اسی وجہ سے ان میں سے ہر ایک کا نام اسم مکان رکھا جاتا ہے۔

تَاَمَّلْ اَسْمَاءَ الْمَکَانِ فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ (ا) تَجِدُ کُلًّا مِنْهَا عَلٰی وَزْنِ "مَفْعَلٍ" بِفَتْحِ الْعَیْنِ، وَاَفْعَالُهَا إِمَّا مُعْتَلَّةُ الْآخِرِ کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ الْاَوَّلَیْنِ وَإِمَّا مَفْتُوْحَةُ الْعَیْنِ فِی الْمُضَارِعِ کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ التَّالِیَیْنِ، وَإِمَّا مَضْمُوْمَةُ الْعَیْنِ فِی الْمُضَارِعِ کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ الْاَخِیْرَیْنِ.

آپ الف گروپ کی مثالوں میں موجود اسماء مکان میں غور کریں تو ان میں سے ہر ایک کو مفعل کے وزن پر (عین کے فتحہ کے ساتھ) ہی پائیں گے اور ان کے افعال کو آخری حرف کے اعتبار سے معتل پائیں گے جیسا کہ پہلی دو مثالوں میں ہے یا آپ مضارع کو عین کلمہ کے فتحہ کے ساتھ پائیں گے جیسا کہ بعد میں آنے والی دو مثالوں میں ہے یا مضارع میں عین کلمہ کے ضمہ کو پائیں گے آخری دو مثالوں میں ہے۔

اُنْظُرْ اَسْمَاءَ الْمَکَانِ فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ (ب) تَجِدُ کُلًّا مِنْهَا عَلٰی وَزْنِ "مَفْعِلٍ" بِکَسْرِ الْعَیْنِ، وَإِذَا تَدَبَّرْتَ اَفْعَالَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَجَدْتَهَا عَلٰی نَوْعَیْنِ، اَلنَّوْعُ الْاَوَّلُ صَحِیْحُ الْآخِرِ مَکْسُوْرُ الْعَیْنِ فِی الْمُضَارِعِ کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ الْاَوَّلَیْنِ، وَالنَّوْعُ الثَّانِی مِثَالُ صَحِیْحِ الْآخِرِ مَکْسُوْرُ الْعَیْنِ کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ التَّالِیَیْنِ.

Scanned with CamScanner

آپ گروپ (ب) کی مثالوں میں موجود اسمائے مکان پر غور کریں تو ان میں سے سب کو مفعل کے وزن پر یعنی عین کے ساتھ پائیں گے اور جب آپ ان اسماء کے افعال میں غور کریں تو آپ ان کو دو قسموں پر پائیں گے پہلی قسم صحیح الآخر اور مکسور العین ہے مضارع کے اندر جیسا کہ پہلی دو مثالوں میں ہے اور دوسری مثال مضارع صحیح الآخر اور مکسور العین ہے جیسا کہ بعد والی دو مثالوں میں موجود ہے۔

تَدَبَّرْ اِسْمَی الْمَکَانِ فِی مِثَالَی الطَّائِفَةِ (ج) تَجِدْ کُلًّا مِنْهَا عَلٰی وَزْنِ "اِسْمِ الْمَفْعُوْلِ" وَفِعْلُ کُلٍّ مِنْهَا غَیْرُ ثُلَاثِیٍّ.

آپ گروپ (ج) کی دو مثالوں میں موجود اسمائے مکان میں غور کریں تو ان میں سے سب کو آپ اسم مفعول کے وزن پر پائیں گے اور ان میں سے ہر ایک کا فعل غیر ثلاثی ہوگا۔

کَذٰلِکَ یُصَاغُ مِنَ الْمَصْدَرِ لَفْظٌ یَدُلُّ عَلٰی زَمَانِ الْفِعْلِ وَیُسَمّٰی اِسْمَ زَمَانٍ، وَهُوَ فِی حُکْمِهٖ وَاَوْزَانُهٗ کَاِسْمِ الْمَکَانِ مِنْ غَیْرِ فَرْقٍ، فَتَقُوْلُ: مَرْحَلُ الضَّیْفِ غَداً، وَمَهْبِطُ السُّیَاحِ فِی مِصْرَ فَصْلُ الشِّتَآءِ، وَمُلْتَقَی الْجَمْعَیْنِ یَوْمُ الْاَحَدِ.

اسی طرح ہی مصدر سے ایسے لفظ کے صیغے بنائے جاتے کہ جو فعل کے زمانے پر دلالت کریں اور ان کا نام زمان رکھا جاتا ہے اور وہ اپنے حکم اور اپنے اوزان میں بغیر کسی فرق کے اسم مکان ہی کی طرح ہوتا ہے۔ پس آپ کہیں گے "مَرْحَلُ الضَّیْفِ غَداً، وَمَهْبِطُ السُّیَاحِ فِی مِصْرَ فَصْلُ الشِّتَآءِ، وَمُلْتَقَی الْجَمْعَیْنِ یَوْمُ الْاَحَدِ۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۴۱) اِسْمَا الزَّمَانِ وَالْمَکَانِ: اِسْمَانِ مَصُوْغَانِ مِنَ الْمَصْدَرِ لِلدَّلَالَةِ عَلٰی زَمَانِ الْفِعْلِ اَوْ مَکَانِهٖ.

Scanned with CamScanner

اسمائے زمان اور مکان یہ وہ دو اسم ہیں کہ جو مصدر سے بنائے جاتے ہیں فعل کے زمانے اور اس کے مکان پر دلالت کرنے کے لئے۔

(۱۴۲) وَيُصَاغَانِ مِنَ الثُّلَاثِيِّ عَلٰى وَزْنِ "مَفْعَل" إِذَا كَانَ الْفِعْلُ نَاقِصًا، أَوْ كَانَ الْمُضَارِعُ مَفْتُوحَ الْعَيْنِ أَوْ مَضْمُومَهَا، وَعَلٰى وَزْنِ "مَفْعِلُ" إِذَا كَانَ الْفِعْلُ صَحِيحَ الْآخِرِ مَكْسُورَ الْعَيْنِ فِي الْمُضَارِعِ، أَوْ كَانَ مِثَالًا صَحِيحَ الْآخِرِ. (۱)

ثلاثی سے جب فعل ناقص ہو تو مفعل کے وزن پر صیغے بنائے جاتے ہیں یا مضارع مفتوح العین ہو یا وہ مضموم ہو اور مفعل کے وزن پر اس وقت بنائے جاتے ہیں کہ فعل صحیح الآخر ہو اور مضارع میں مکسور العین ہو یا مثال ہو اور صحیح الآخر ہو۔

(۱) قد تلحق مفعلا هاء التانيث كما في مقبرة، ومزرعة، ومدرسة، ومهلكة اى مَفَازَة.

(۱۴۳) وَيُصَاغَانِ مِنْ غَيْرِ ثُلَاثِيٍّ عَلٰى وَزْنِ "اِسْمِ الْمَفْعُوْلِ". (۲)

غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کے وزن پر دونوں کے صیغے بنائے جاتے ہیں۔

(۲) على هذا تكون صيغة الزمان والمكان والمصدر الميمى واسم المفعول من غير الثلاثى واحدة، والتمييز لا يكون إلا بالقرائن.

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

اِسْتَخْرِجْ مَا فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ مِنْ أَسْمَاءِ الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ، وَاضْبِطْ حُرُوْفَ كُلِّ اِسْمٍ مِنْهَا مَعَ بَيَانِ سَبَبِ الضَّبْطِ:

آنے والی عبارات میں موجود اسمائے زمان اور مکان کو الگ الگ کریں اور ان میں سے ہر اسم کے حروف کو ضبط کریں اور سبب کو بیان کریں۔

۱	مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَيْنَ فَكِّيْهِ	قَتَلَ يَقْتُلُ
۲	لِكُلِّ سِرٍّ مُسْتَوْدَعٌ	

Scanned with CamScanner

۳	يُؤْتِي الْحَذِرُ مِنْ مَأْمَنِهِ	اَمَنَ يَأْمَنُ
۴	مَجْلِسُ الْعِلْمِ رَوْضَةٌ	جَلَسَ يَجْلِسُ
۵	وَضْعُ الْإِحْسَانِ فِي غَيْرِ مَوْضِعِهِ ظُلْمٌ	وَضَعَ يَضَعُ
۶	مُبْتَدَأُ الزِّرَاعَاتِ الشَّتَوِيَّةِ فَصْلُ الْخَرِيْفِ	بَدَأَ يَبْدَأُ
۷	مَنْضِجُ الْعِنَبِ فَصْلُ الصَّيْفِ	نَضِجَ يَنْضَجُ
۸	مَطْلَعُ الشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ	طَلَعَ يَطْلُعُ
۹	اَلظُّلْمُ مَرْتَعُهُ وَخِيْمٌ	رَتَعَ يَرْتَعُ
۱۰	مَوْعِدُهُمُ الصُّبْحُ	وَعَدَ يَعِدُ
۱۱	اَلدُّنْيَا دَارُ مَجَازٍ، وَالْآخِرَةُ دَارُ قَرَارٍ، وَالْعَاقِلُ مَنْ اَخَذَ مِنْ مَمَرِّهِ لِمَقَرِّهِ	جَازَ يَجُوْزُ
۱۲	مَنْبَعُ النِّيْلِ فِي بِلَادِ الْحَبَشَةِ وَمَصَبُّهُ فِي مِصْرَ	نَبَعَ يَنْبَعُ

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملوں میں موجود اسمائے مکان کا استخراج درج ذیل ہے۔

(۱) مقتل اسم ظرف ہے، بروزن مَفْعَل اس سبب سے کہ اس کا مضارع مضموم العین ہے اور صحیح الحروف ہے۔

(۲) مستودع یہ غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف مکان ہے اسم مفعول کے وزن پر ہے اور مثال واوی سے ہے۔

(۳) مامن یہ اسم ظرف مکان ہے اور مَفْعَل کے وزن پر ہے کہ اس سبب سے کہ اس مضارع مفتوح العین ہے۔

(۴) مجلس یہ اسم ظرف مکان ہے اور مَفْعِل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مکسور العین آتا ہے۔

Scanned with CamScanner

(۵) موضع یہ اسم ظرف مکان ہے اور مَفْعِل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مکسور العین آتا ہے۔

(۶) مبتداء یہ ظرف زمان ہے باب افتعال غیر ثلاثی مجرد سے اور اسکے اسم مفعول کے وزن پر ہے۔

(۷) منضج یہ ظرف زمان ہے اور مَفْعَل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مفتوح العین ہے۔

(۸) مطلع یہ ظرف مکان ہے اور مَفْعَل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مضموم العین ہے۔

(۹) مرتع یہ ظرف مکان ہے اور مَفْعِل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مفتوح العین ہے۔

(۱۰) موعد یہ ظرف زمان ہے اور مفعل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مکسور العین ہے۔

(۱۱) مجازیہ اصل میں مجوز تھا تو واؤ کو یقول والے قانون کے تحت الف سے بدلا بعد چھین کر ماقبل کو دے دینے اس کے حرکت کے تو یہ مفعل کے وزن پر مضارع کے مضموم العین ہونے کی وجہ سے ھمر پر اصل میں ممرد تھا، دو حرف ہم جنس آخر اکٹھے ہوئے پہلے کی حرکت نقل کر کے ماقبل ساکن دے کر دونوں کا ادغام کر دیا اور مفعل کے وزن پر ہے اس وجہ سے اس کا مضارع مضموم العین ہے۔ مقر اس کی تعلیل بھی مندرجہ بالا کی طرح ہے لیکن یہ مفعل کے وزن پر ہے اس سبب سے کہ اس کا مضارع مکسور العین ہے

(۱۲) منبع یہ ظرف مکان ہے اور مفعل کے وزن پر ہے مضارع مضموم العین ہونے کی وجہ سے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر ۲)

صُغْ اِسْمَی الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ مَعَ الضَّبْطِ ، وَإِذَا حَدَثَ إِعْلَالٌ فَاشْرَحْ سَبَبَهُ :

Scanned with CamScanner

آنے والے افعال میں سے ظرف زمان اور مکان کے صیغے بتائیں اور جو اعلال واقع ہو اس کا سبب بیان کریں۔

قَامَ	بَکٰی	وَصَلَ	اَنَاخَ	اَوٰی	جَرٰی	ضَاقَ
طَافَ	شَرِبَ	نَفَذَ	اِنْقَلَبَ	نَهِلَ	اِصْطَادَ	آبَ
مَرَّ	اَقَامَ	صَادَ	ظَهَرَ	عَادَ	اِسْتَخْرَجَ	

حل:

دیئے گئے افعال سے ظروف زمان اور مکان کا بیان:

(۱) مَقَامٌ اصل میں مَقْوَمٌ تھا واؤ متحرک ماقبل صحیح ساکن تھا تو واؤ کی حرکت بقاعدہ یُقَالُ نقل کر کے ماقبل دی اور واؤ کو الف سے بدل دیا۔ ظرف اصل میں مَفْعَلٌ کے وزن پر تھا جو کہ مضارع مضموم العین ہے۔

(۲) مَبْکٰی اصل میں مَبْکَیٌ بروزن مَفْعَلٌ تھا معتل الآخر ہونے کے سبب سے تو بقاعدہ قَالَ یاء کو الف سے بدلا تو مَبْکَا ہوا پھر التقائے ساکنین ہوا درمیان اور نون تنوین کے تو اول ساکن کو مدہ ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو مَبْکٰی ہو گیا جو کہ حالت وقف میں مَبْکَیْ پڑھا جاتا ہے۔ ظرف مکان ہے۔

(۳) مَوْصِلٌ بروزن مَفْعِلٌ آتا ہے اسم ظرف مکان ہے، مثال واوی ہونے کی وجہ سے مَفْعِل کے وزن پر ہے۔

(۴) مُنَاخٌ یہ ظرف مکان ہے غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کے وزن پر ہے۔

(۵) مَاْوٰی ظرف مکان بروزن مَفْعَلٌ ہے معتل ہونے کی وجہ سے اصل میں مَاْوَیٌ تھا، یا ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے یاء کو الف سے بدلا بعد چھین لینے اس کی حرکت کے۔

(۶) مَجْرٰی مَفْعَل کے وزن پر ہے معتل الاخر ہونے کی وجہ سے۔

(۷) مَضِیْقٌ اصل میں مَضْیِقٌ بروزن مَفْعِل تھا تو یاء متحرک قبل صحیح ساکن تھا تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی بِیْعَ والے قاعدے کے تحت، اور معتل العین ہونے کی وجہ

Scanned with CamScanner

سے مَفْعِل کے وزن پر ہے۔

(۸) مَطَافٌ اصل میں مَطْوَفٌ تھا اس مَقَالٌ کی طرح تعلیل ہوتی ہے معتل العین ہونے کی وجہ سے مَفْعَل کے وزن پر ہے۔

(۹) مَشْرَبٌ بروزن مَفْعل ظرف مکان ہے کہ مفتوح العین ہونے کی وجہ سے۔

(۱۰) مُنْفَذٌ یہ ظرف مکان ہے مَفْعل کے وزن پر مضموم العین ہونے کی وجہ سے۔

(۱۱) مُنْقَلَبٌ یہ غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کے وزن پر ظرف ہے۔

(۱۲) مَنْهَل بروزن مفعل ہے، مفتوح العین ہونے کی وجہ سے۔

(۱۳) اِصْطَادَ مُصْطَادٌ غیر ثلاثی سے اسم مفعول کے وزن پر ثلاثی مجرد ہے۔

(۱۴) مَمَرٌّ اصل میں مَمْرَرٌ بروزن مَفْعل تھا، آخر میں دو حرف ہم جنس ہونے کی وجہ سے پہلے کی حرکت نقل کر کے اس میں ادغام کر دیا، مضموم العین ہونے کی وجہ سے مفعل کے وزن پر ہے۔

(۱۵) مَآبٌ اصل مَأْيَبٌ بروزن مَفْعَل تھا، یُبَاع والے قانون کے تحت واؤ کو الف سے بدلا تو مَآبٌ ہو گیا، ظرف مکان ہے۔

(۱۶) مُقَامٌ غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کے وزن پر ظرف ہے۔

(۱۷) مَصِيْدٌ اصل مَصْيِدٌ تھا مَبِيْعٌ کی طرح اس میں اعلال ہوا۔

(۱۸) مَظْهَرٌ بروزن مفعل کے ہے، مفتوح العین ہونے کی وجہ سے ظرف زمان ہے۔

(۱۹) مَوْعِدٌ بروزن مفعِلٌ مثال ہونے کی وجہ سے۔

(۲۰) مُسْتَخْرَجٌ غیر ثلاثی سے اسم مفعول کے وزن پر ظرف ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

اِضْبِطْ اَسْمَاءَ الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ فِيْمَا يَاْتِي وَضَعْ كُلًّا مِنْهَا فِي جُمْلَةٍ تَامَّةٍ :

آنے والے کلمات سے اسمائے زمان اور مکان کو ضبط کریں اور ہر ایک کو جملوں میں استعمال کریں۔

Scanned with CamScanner

مَجَالٌ	مَجْمَعٌ	مَحُط	منزل	مذبحة
مبحث	منهج	مطعم	مرجع	مرصد
مستوصف	مكتب	مستقر	مبيت	مستشفى

حل:

دیئے گئے کلمات کا جملوں میں استعمال اور مکان اور زمان کی تعیین۔

۱	اَيْنَ مَجَالُ الْفَرَسِ	مجال ظرف مکان ہے
۲	هَلْ زُرْتَ مَجْمَعُ الْبَحْرَيْنِ	مجمع // // //
۳	مَحُطُّ الشَّيْ بَعِيْدٌ مِنْ هُنَا	مَحُطٌّ // // //
۴	مَنْزِلٌ سَعِيْدٌ قَرِيْبٌ مِنْ هُنَا	منزل // // //
۵	مَذْبَحَةُ الْحَيَوَانَاتِ اَيْنَ مَوْجُوْدٌ	مذبحة // // //
۶	مَبْحَثُ الْكِتَابِ مُعْسِرٌ	مبحث // // //
۷	بَلِّغُوْا عَلٰى مَنْهَجِ النَّبِيِّ	منهج // // //
۸	طَعِمْتُ فِي الْمَطْعَمِ	مطعم // // //
۹	مَرْصَدُ الْمُجَرِّبِيْنَ فِي الْقَاهِرَةِ	مَرْصَدُ // // //
۱۰	مَسْتَوْصِفُ النَّاسِ قَدْ مَضٰى	مستوصف ظرف زمان ہے
۱۱	اَيْنَ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ	مکتب ظرف مکان ہے
۱۲	اِرْجِعْ اِلٰى مُسْتَقَرِّكَ	مُسْتَقَر ظرف مکان ہے
۱۳	اَيْنَ مَرْجِعُ هٰذَا الضَّمِيْرِ	مرجع // // //
۱۴	مَبِيْتُ هٰذَا الرَّجُلُ فِي الْمَدِيْنَةِ	مَبِيت // // //
۱۵	ذَهَبْتُ اِلَى الْمُسْتَشْفٰى	مُسْتَشْفٰى // // //

Scanned with CamScanner

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اَلْكَلِمَةُ "مَكَانَةٌ" قَدْ يَكُوْنُ فِعْلُهَا "مَكُنَ" وَقَدْ يَكُوْنُ فِعْلُهَا "كَانَ" فَمَتٰى تَكُوْنُ اِسْمُ مَكَان وَمَا وَزْنُهَا فِي الْحَالَيْنِ .

کلمہ مکانۃ کبھی اس کا فعل مکن آتا ہے اور کبھی اس کا فعل کان آتا ہے، تو یہ اسم مکان کب ہوگا اور اس کا وزن دو حالتوں میں کیا ہوگا۔

حل:

مَكَانَةٌ مصدر سے اگر مَكُنَ ہو تو اس صورت میں بھی اسم ظرف مکان ہوگا اور اگر اس كَانَ فعل ہو تو پھر بھی مکان ہی ظرف آئے گا اس لئے کہ دونوں سے مضارع مضموم العین آتا ہے مَكَان اصل میں مَكْوَنٌ تھا تو یُقال والے قاعدے کے تحت واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے بدلا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

